MILITARY LANDS & CANTONMENTS DEPARTMENT
CANTONMENT BOARD PESHAWAR
UAN: 111-123-CBP (227), Fax No:+92-91-9212799
5-Capt. Abdul Jalil Shaheed Road Peshawar Cantt

No. 28/2/Media Cell/ 2025/ 52871 Dated 12 Dec, 2025

M/s Maxim advertising Co (Pvt) Ltd,
Peshawar. Ph # 091-5603047.

The Deputy Director (M&IMP), PPRA,
1st Floor, FBC Building, Near State Bank, Sector G-5/2,
Islamabad. (For uploading on PPRA Web Site)

Subject: - **PUBLICATION OF NOTICE:**

Reference: Govt of Pakistan, Min of Info & Broadcasting PID letter No. F.No.15 (35)/2017-Advt dated 7th may 2024

Please arrange the publication of attached advertisement notice in the following news paper(s) and according to the following requirements: -

| Sr | Name of Newspaper(s) | Date of Publication | Language | No. of Insertion | Size |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Daily The News | 13 /12/2025 | Urdu/ English | ONE (Inner Page) | Minimum |
| 2. | Daily Mashriq | 13/12/2025 | -do- | -do- | -do- |

2. It is requested that the notice may be published in the above newspapers as these are widely read as a result thereof the desired purpose can be achieved. The publication of notice in the newspapers other than specified above cannot achieve the desired purpose, as such; you are requested to please do not change the newspapers for publication of the notice.

3. As funds are only available to meet the cost of advertisement to the extent of requirement specified above, the undersigned will not accept the claim received over and above the given requirement. You are, therefore, requested to please strictly adhere to the specified requirement.

4. It is certified that necessary funds within the sanctioned Budget/Grant are available to meet the entire cost of advertisement only for the above newspapers, as such above advertisement may please be got published in above daily newspapers only. The bill may please be forwarded to the undersigned for payment in due course of time.

5. You are also requested to provide advertisement clippings of above said newspapers to this office well in time.

**Encl:** Please upload the attached advertisement (Tender/Quotation) at PPRA website alongwith advance cheque No. 69622261 dated 12-12-25 amounting to Rs. Rs. 15000/- as tender uploading fee.

**Encl:** (Advertisement)

Encl: **(As above)**

**Cantonment Executive Officer**
**Peshawar**

Copy to: -

1. The Accounts Branch, CB Psc
2. Incharge Media Cell - (To upload the advt. on CBP website)

کنٹونمنٹ بورڈ پشاور

نیلام عام برائے دکانات / دفاتر

ہر خاص وعام خصوصاً کاروباری حضرات کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ پشاور اپنے پہلے سے تعمیر شدہ درج ذیل دکانات عرصہ 5 سال کے لئے نیچے دی گئی شرائط پر بتاریخ 01-01-2026 کو دن 11:00 بجے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ واقع 5 جلیل روڈ پشاور کینٹ نیلام عام کر رہا ہے۔ یہ نیلامی ہیڈ کوارٹر ML&C کی چھٹی نمبری No.40/8/F&B/ML&C/2003-VI, مورخہ 03-09-2024 کے تحت عمل میں لائی جائی گی۔

| Ser | No of Units | Shop No. | Floor | Location | CDR |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 16 x shops | 6, 7, 8, 12, 13, 14, 15, 17, 18, 21, 25, 26, 27, 28, 29, 30 | FF | Fakhr-e-Alam Comm Complex | 800,000 |
| 2 | 30 x shops | 1, 2, 3, 4, 5, 6, 7, 8, 9, 10, 11, 12, 13, 14, 15, 16, 17, 18, 19, 20, 21, 22, 23, 24, 25, 26, 27, 28, 29, 30 | SF | Fakhr-e-Alam Comm Complex | 15,00,000 |
| 3 | 11 x Offices | 1, 2, 3, 4, 5, 6, 7, 8, 9, 10, 11 | SF | CB Plaza Sarai Natak | 5,00,000 |
| 4 | 8 x shops | 1, 2, 3, 4, 5, 6, 7, 8 | GF | M.D.F Near Bara Road | 4,00,000 |
| 5 | 11x Shops, | 1,2,3,4,5,6,7,8,9,10,11 | FF | Al-Nafah Markaz, Block-C, Soba Bazar | 15,00,000 |
| 6 | 04x Shops | 6,7,8,12 | LG | CB Plaza Warsak Road | 2,00,000 |

شرائط نیلامی:۔

1 خواہشمند حضرات کو بولی شروع ہونے سے قبل کال ڈیپازٹ / بینک ڈرافٹ بمع کمپیوٹرائز شناختی کارڈ کی کاپی بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر پشاور جمع کرانا ہوگا جو کہ کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کے علاوہ بولی کے اختتام پر سب کو واپس کر دیئے جائیں گے۔

2 بولی میں شامل ہونے والے خواہش مند حضرات تاریخ نیلامی سے 2 دن قبل 2025-12-30 تک اپنی کال ڈیپازٹ جمع کروانے کے پابند ہونگے تاکہ دفتر کنٹونمنٹ بورڈ پشاور مذکورہ جمع شدہ کال ڈپازٹ کی verification متعلقہ بینکس سے کرا سکے۔ تاریخ نیلامی والے دن کسی کی بھی کال ڈپازٹ وصول نہ کی جائے گی۔

3 کامیاب بولی دہندہ بعد از منظوری مجاز اتھارٹی 03 ماہ کا ایڈوانس کرایہ بطور سیکورٹی (قابل واپسی) اندریں 7 یوم جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ مقررہ وقت پر مذکورہ (قابل واپسی سیکورٹی) جمع نہ کروانے کی صورت میں اس کی زرضمانت کال ڈیپازٹ بحق کنٹونمنٹ بورڈ پشاور ضبط کرلی جائے گی اور اگر کنٹونمنٹ بورڈ پشاور مارکیٹ ویلیو کے حساب سے دوسرے نمبر پر سب سے زیادہ بولی دینے والا بولی دہندہ کی آفر کو مناسب خیال کرتا ہے تو دوسرے نمبر پر سب سے زیادہ بولی دینے والا بولی دہندہ مذکورہ واجبات جمع کروانے کا پابند ہوگا اور اگر دوسرے نمبر سب سے زیادہ بولی دینے والا بولی دہندہ بھی مقررہ 7 یوم کے اندر مذکورہ سیکورٹی (قابل واپسی) جمع کرانے میں ناکام رہتا ہے تو اس کی بھی زرضمانت کال ڈیپازٹ بحق کنٹونمنٹ بورڈ پشاور ضبط کرلی جائے گی اور مذکورہ دکانات / آفسز کو دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔

4 مذکورہ بولی ماہانہ کرایہ کی لگائی جائے گی اور حقوق کرایہ داری کی میعاد ابتدائی طور پر 05 سال کیلئے ہوگی جس پر ہر سال 10 فیصد کے حساب سے کرائے میں اضافہ کیا جائے گا۔

5 ملک میں کسی بھی قسم کی وبائی / ہنگامی صورت حال یا ناگہانی آفت کی صورت میں کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کرایہ کی مد میں کوئی بھی رعایت دینے کا پابند نہ ہوگا۔

6 کامیاب بولی دہندہ گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے مطابق ٹیکس (Taxes) دینے کا پابند ہوگا۔

7 حقوق کرایہ داری کی 05 سال میعاد ختم ہونے کے بعد کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ مذکورہ دکانات / آفسز کو دوبارہ نیلام کرے یا حقوق کرایہ داری کے میعاد میں مزید 05 سال کے لئے بورڈ کی منظوری سے توسیع کرے.

8 حقوق کرایہ داری کی میعاد میں 05+05 سال کی دو میعاد سے زیادہ کسی صورت توسیع نہیں کی جائے گی (15 سال کے بعد دکانات / آفسز کی ہر صورت دوبارہ نیلامی ہوگی)۔ ہر تجدید معاہدہ کی صورت میں کرایہ میں کم سے کم 25% فیصد اضافہ کیا جائے گا اور پھر ہر سال کرایہ میں 10% فیصد اضافہ کیا جائے گا۔

9 کامیاب بولی دہندہ بولی کی منظوری کے بعد 15 یوم کے اندر اندر اپنے خرچہ پر کنٹونمنٹ بورڈ کے ساتھ تحریری معاہدہ کرایہ داری (Tenancy Agreement) کرے گا۔

10 دکانات / آفسز کو بورڈ کی منظوری سے ٹرانسفر کیا جا سکتا ہے اور مذکورہ دکانات / آفسز کی ٹرانسفر پر بورڈ کی مقرر کردہ ٹرانسفر فیس لاگو ہوگی۔

11 دکانات / آفسز ٹرانسفر ہونے کی صورت میں بقایا حقوق کرایہ داری میعاد کا معاہدہ نئے کرایہ دار کے ساتھ کیا جائے گا جو کہ رجسٹریشن ایکٹ 1908 کی شق نمبر 17(d) کے تحت سب رجسٹرار کے ساتھ رجسٹرڈ کیا جائے گا۔

12 ایسا کوئی بھی شخص یا فرم جو کنٹونمنٹ بورڈ پشاور یا کسی بھی ریاستی ادارے کا نادہندہ، بلیک لسٹ یا کسی مقدمہ بازی میں ملوث ہو گا وہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہو گا۔

13 کامیاب بولی دھندہ دکانات / آفسز کی مرمت، اندر باہر سے سجاوٹ وغیرہ اپنے خرچہ پر کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کی منظوری سے کروائے گا۔ ہر قسم کی صفائی ستھرائی کی ذمہ داری کامیاب بولی دھندہ کی ہو گی۔ اس سلسلے میں کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر کو اختیار حاصل ہو گا کہ وہ خود یا بذریعہ نمائندہ کسی بھی وقت دکانات / آفسز کا معائنہ کر سکتا ہے۔

14 بجلی کا ٹرانسفارمر، بجلی اور گیس اور ٹیلی فون وغیرہ کا کنکشن کامیاب بولی دھندہ اپنے خرچے پر کریگا۔

15 کامیاب بولی دھندہ ماہانہ کرایہ ہر ماہ کی 5 تاریخ سے قبل ایڈوانس جمع کروانے کا پابند ہو گا۔

16 اگر کامیاب بولی دہندہ ہر ماہ کی 5 تاریخ سے قبل اپنی کرایہ کی قسط جمع کروانے میں ناکام رہتا ہے تو 5 ہزار روپے یومیہ جرمانہ جمع کروانے کا پابند ہو گا۔ اور مسلسل 10 یوم سے زیادہ تاخیر کی صورت میں حقوق کرایہ داری منسوخ کر دیا جائیگا۔ اور مذکورہ دکانات / آفسز کا قبضہ کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کا عملہ حاصل کرنے کا مجاز ہو گا جس کی تمام تر ذمہ داری کرایہ دار پر ہو گی۔

17 مذکورہ شرائط میں کسی ایک شرط کی بھی خلاف ورزی کرنے پر معاہدہ حقوق کرایہ داری منسوخ کر دیا جائیگا اور زر ضمانت جمع شدہ سکیورٹی / جمع شدہ کال ڈپازٹ بحق کنٹونمنٹ بورڈ پشاور ضبط کر لیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

18 اگر کوئی فرم / فرد مذکورہ تمام دکانوں کی اکھٹی بولی دے گی تو اس کو ترجیح دی جائے گی بشرطِ کہ وہ فرم یا فرد 47 لاکھ روپے کی کال ڈیپازٹ بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر پشاور جمع کرواتی ہے۔ بصورتِ دیگر نیلامی الگ الگ بالترتیب سیریل نمبر کے مطابق ہو گی۔

19 زیر دستخطی کو اختیار حاصل ہو گا کہ بولی کی حتمی منظوری سے قبل اگر کوئی شخص یا پارٹی کاؤنٹر بڈ لگاتی ہے تو زیر دستخطی اس کاؤنٹر بڈ کو قانونی تقاضوں کے مطابق منظور یا مسترد کر سکتا ہے۔

20. کامیاب بولی دہندہ اور کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کے درمیان کسی بھی قسم کے تنازع کی صورت میں دونوں فریقین ثالثی کیلئے DML&C پشاور سے رجوع کرینگے۔ اور ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹس پشاور کا فیصلہ حتمی تصور ہو گا جو کہ دونوں فریقین اس فیصلے کو قبول کرنے کے پابند ہونگے۔ اور اس معاملے میں کرایہ دار کسی بھی عدالت سے رجوع کرنے کا مجاز نہ ہو گا۔

21 زیر دستخطی کو اختیار حاصل ہو گا کہ وہ بغیر وجہ کے معاہدہ / بولی کی آفر منظور یا مسترد کر دے۔ بحوالہ 2004 33 (1) PPPRA Rules

22 کسی بھی وجہ سے بولی / نیلامی مقررہ تاریخ پر نہ ہوئی تو دوبارہ بولی / نیلامی مورخہ 2026-01-02 دن 11 بجے کو ہو گی۔

23 دیگر شرائط دفتر کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کی رینٹ سیکشن برانچ سے حاصل / معلوم کی جاسکتی ہیں۔

24 دوبارہ نیلامی یا سہہ بار نیلامی کی تاریخوں کیلئے کوئی نیا اشتہار نہیں دیا جائیگا۔

المشتہر:-
کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر
پشاور کینٹ